سویڈن یونین کا ممبر بننے کے بارے میں مسئلہ

الحمدللہ و الصلوۃ و السلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے ملک سویڈن میں ایک یونین ہے جو ملازمین [Employees] کے معاملات کو ڈیل کرتی ہے۔ اگر کوئی اس کا ممبر بننا چاہتا ہے تو اسے ماہانہ کچھ رقم دینی پڑتی ہے۔ اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ اگر اس ممبر کے پاس کام [Job] نہیں ہوگا تو یہ یونین اسے اس کی انکم کا 80% دے گی جب تک اسے کوئی دوسری Job نہیں مل جاتی۔ کیا اس کا ممبر بننا جائز ہے؟

سائل: علی فرام سویڈن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق و الصواب

اگر وہ یونین مسلمانوں کی ہے یا اس میں مسلمانوں کے شیئرز ہیں یا اس کے مالکان میں کوئی ایک بھی مسلمان ہے تو ان سے ایسا معاملہ کرنا سود اور حرام ہے۔ کیونکہ ممبر کی طرف سے جو رقم یونین میں جمع ہوگی وہ شرعاً قرض ہی بنتی ہے اور اس صورت میں ملنے والا نفع یعنی نوکری چھوٹنے کی صورت میں 80% انکم کا دیا جانا قرض پر مشروط نفع ہوا اور قرض پر مشروط نفع سود اور حرام ہے اور **جس نے ایسا کیا اس پر توبہ واجب ہے۔**

حدیث مبارکہ میں ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ **"کُلُّ قَرْضٍ جَرَّ مَنْفَعَۃً فَھُوَ رِبًا" ہر وہ قرض جو نفع لائے وہ سود ہے۔**

[الجامع الصغیر للسیوطی ج۲ ص۲۸۳ رقم الحدیث ۶۳۳۶]

اور اگر وہ یونین حربی کافروں کی ہے تو حربی کافروں کے ساتھ ایسا کوئی عقد جو مسلمان کا مسلمان کے ساتھ حرام تھا، کرکے بغیر نیتِ سود مال لینا ناجائز نہیں مگر اس میں شرط یہ ہے کہ اس میں مسلمان کا نقصان نہ ہو بلکہ فائدہ ہو۔ مگر یہاں نقصان بھی ہوسکتا ہے کہ پہلی نوکری عمر بھر ختم نہ ہو اور یہ ایک دن بھی فارغ گھر میں نہ بیٹھا ہو اور ہر مہینے یونین کو دی گئی رقم ضائع و بے کار اور مسلم کا نقصان۔ لہٰذا ایسی ممبر شپ سے بہر صورت بچنے میں ہی عافیت ہے۔

عقدِ فاسد بشرطیکہ مسلم کے لیے مفید ہو اس کے ذریعے کافرِ حربی کا مال لینا جائز ہے۔

جیسا کہ بہار شریعت میں ہے کہ عقد فاسد کے ذریعہ سے کافرِ حربی کا مال حاصل کرنا ممنوع نہیں یعنی جو عقد مابین دو مسلمان ممنوع ہے اگر حربی کے ساتھ کیا جائے تو منع نہیں مگر شرط یہ ہے کہ وہ عقد مسلم کے لیے مفید ہو۔

[بہار شریعت ج ۲ حصہ ۱۱ مسئلہ نمبر ۲۹ ص ۷۷۵]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Question:

What is the verdict of the Learned Scholars of the Sacred Shariah regarding the following issue; In our country there is a union which handles the affairs of the employees, if anyone wants to become its member then they have to contribute a monthly fee, the benefit will be this that if its member becomes jobless, then this union will give the person 80% of the person's income until the person gets a job. Is it permissible to become a member?

Questioner: Ali Sweden

Answer:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

If the union is Muslim owned or Muslims have a share in it or any one of it's owners are Muslim then to make such a dealing with such a union is interest and Harām. This is because the contributions from the members which will be accumulated in the union, will be a loan, acccording to the Shari'ah, and in this way receiving 80% of one's income on losing one's job will be a benefit conditioned on the loan. A benefit conditioned upon a loan is interest, it is harām and whoever did such an act then repentance becomes necessary upon him.

Just as it related in a Hadīth Sharīf:

"Every loan that draws benefit is interest."

(Al Jām'i al Saghīr lis Suyūtī vol2 page 283 Hadith no: 4334)

If the union belongs to Harbī Kuffār [non-Muslims that are not residing under an Islamic state], then to make such a transaction with them which is prohibited between Muslims without an intention of taking interest money is not impermissible. But the condition is this that a Muslim should not be at a loss but benefit through such a transaction. However in the scenario described here there is also a possibility of loss as one's first employment may not terminate during one's entire lifetime, and having not sat a single day unemployed at home the monthly amount given to the union will have been squandered, gone to waste and there will be a loss for the Muslim. For this reason it is best in every way to refrain from such membership.

To take the wealth of a Harbī Kāfir via an Aqd Fāsid [a flawed transaction] with the condition that it is beneficial for a Muslim is permissible.

Just as it is in Bahāre Sharī'at:

It is not prohibited to gain a Harbī Kāfir's wealth through Aqd-e-Fāsid i.e. that business traction which is prohibited between two Muslims. If it is done with a Harbi Kāfir then it is not prohibited but the condition is this that it should be beneficial for a Muslim.

(Bahāre Sharī'at part 11 vol 1 rule 29 page 775)

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Answered by Abu al-Hasan Muhammad Qāsim Ziā al-Qādirī

Translated